روزنامہ جنگ کراچی پیر 21اپریل 2014ء

مصور سید اے عرفان کے فن پاروں کی نمائش کا آغاز

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سٹی آرٹ گیلری میں ممتاز مصور سید اے عرفان کے فن پاروں کی نمائش کا آغاز ہوگیا جس میں ان کے تخلیق کردہ منی ایچر زفن پاروں کو ڈسپلے کیا گیا ہے افتتاحی تقریب میں شمیم اختر شمیم، احمد انور، علی شاہ،

نیاز، فرید بلوچ، شیکھر اسماعیل اور دیگر نے شرکت کی، سٹی آرٹ گیلری کے ڈائریکٹر سلیم احمد نے بتایا کہ عرفان منی ایچر ز کی تیاری میں اپنا جداگانہ اسلوب رکھتے ہیں اور اس میں کامیاب ہیں۔ فن پاروں کی حالیہ نمائش میں 36 کے قریب منی ایچر زفن پارے ڈسپلے کئے گئے ہیں یہ نمائش یہاں 24 اپریل تک جاری رہے گی۔